
حکومت مہاراشٹر

مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئی۔





# اسکول میں پہلا قدم


| | | | |
|---|---|---|---|
| ١ | جنوری | ٧ | جولائی |
| ٢ | فروری | ٨ | اگست |
| ٣ | مارچ | ٩ | ستمبر |
| ٤ | اپریل | ١٠ | اکتوبر |
| ٥ | مئی | ١١ | نومبر |
| ٦ | جون | ١٢ | دسمبر |


ہفتے کے دن

اتوار، پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ، سنیچر










راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

پرتھم
اِس سرگرمی میں معاون رضا کارانہ تنظیم

## اسکول میں پہلا قدم

- **محرک** : شالیہ شکشن و کریڈا وِبھاگ، حکومت مہاراشٹر
- **ناشر** : راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **ترغیب** : **محترم رنجیت سینہہ دیول** (آئی.اے.ایس.)
  چیف سکریٹری، شالیہ شکشن و کریڈا وِبھاگ، ریاست مہاراشٹر
- **رہنمائی** : **محترم سورج مانڈھرے** (آئی.اے.ایس)، کمشنر (تعلیم)، ریاست مہاراشٹر، پونے
  **محترم پردیپ کمار ڈانگے** (آئی.اے.ایس.)، راجیہ پرکلپ ڈائرکٹر، مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئ
- **مدیر** : **محترم امول ایڑگے** (آئی.اے.ایس.)، ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **معاون مدیر** : **ڈاکٹر شوبھا کھندارے**، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **کارگزار مدیر** : **ڈاکٹر مادھوری ساورکر**، ڈپٹی ڈائرکٹر، سیوا پورو شکشن، بال شکشن و مانس شاستر وِبھاگ،
  راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **ادارتی تعاون** : **ڈاکٹر گیتا نجلی بوروڑے**، سینئر لیکچرار، بال شکشن و مانس شاستر وِبھاگ،
  راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
  **محترمہ سشما کونڈوسکر**، لیکچرار، بال شکشن و مانس شاستر وِبھاگ،
  راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
  **محترمہ سپریا نولے**، سبجیکٹ اسسٹنٹ بال شکشن و مانس شاستر وِبھاگ،
  ، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **رابطہ کار اُردو** : **توصیف پرویز محمد مظفر**
- **اُردو مترجمین** : • عبدالملک عبدالقادر نظامی، سبکدوش مدرّس، ناندیڑ • ڈاکٹر محمد عبدالرافع، ناندیڑ
- **اصلاح شدہ ایڈیشن**: جنوری ۲۰۲۴ء
- **مالی تعاون** : 'STARS' منصوبے کے تحت، مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئ
  (مفت تقسیم کے لیے)
- **اُردو کمپوزنگ** : یسریٰ گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونے-۱۱
- **طباعت** : رونا گرافکس، سینہہ گڑھ روڈ، پونے


- © جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

# کچھ میرے بارے میں!

میرا نام

..........................................

میری عمر ( ) سال ہے۔

میرے گاؤں/شہر کا نام

.......................................... ہے۔

میرے دوست/سہیلیوں کے نام

..........................................

..........................................

مجھے دیکھنا پسند ہے

..........................................

مجھے یہ کام کرنا پسند ہے

..........................................

..........................................

..........................................

..........................................

میرا پسندیدہ ...

رنگ ..........................................

چیز ..........................................

جانور ..........................................

میری پسندیدہ کتاب

..........................................

میری فوٹو

بڑا ہو کر مجھے .......................................... بننا ہے۔

میرا نام : ..........................................

میری والدہ کا نام : ..........................................

میرے والد کا نام : ..........................................

میرے گاؤں/شہر کا نام : ..........................................


# فہرست


جسم کے اعضا ۱
رنگ ۲
شکلیں ۳
میرا خاندان ۴
موسم کی پہچان ۵
ہفتے کے دن اور سال کے مہینے ٦
پھل اور سبزی ترکاری کی پہچان ۷
پرندوں اور جانوروں کی پہچان ۸
سواریوں اور پھولوں کی پہچان ۹
جوڑیاں لگاؤ ۱۰
تصویر خوانی (۱) ۱۱
تصویر خوانی (۲) ۱۲
تصویر خوانی (۳) ۱۳
تصویر خوانی (۴) ۱۴
حرفوں پر ہاتھ پھیرنا ۱۵
اچھی عادتیں ۱٦
میدانی کھیل ۱۷
بڑبڑ گیت ۱۸
گنو اور لکھو ۱۹
چھوٹا - بڑا اور کم - زیادہ ۲۰
درجہ بندی کے کارڈ ۲۱
ترتیب میں لگانا ۲۲
حروفِ تہجی کا تختہ ۲۳
ہندسی اعداد کا تختہ ۲۴
تخلیقی عمل (۱) ۲۵
تخلیقی عمل (۲) ۲۷
تخلیقی عمل (۳) ۲۸
تخلیقی عمل (۴) ۲۹
تخلیقی عمل (۵) ۳۰
مبہم گیت ۳۱
سرپرستوں کے لیے ۳۲
ورک شیٹ ۱ تا ۱۲ ۳۹
سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ ۱ تا ۱۲ ۵۱

اسکول کی
پیشگی تیاری


# جسم کے اعضا












سرپرستوں کے لیے ہدایت - اپنے جسم کے اعضا کے نام اور ان کے کاموں سے متعلق بچوں سے گفتگو کیجیے۔ جیسے:

☆ ناک سے ہم کیا کرتے ہیں؟

☆ کان سے ہم کون کون سی آوازیں سنتے ہیں؟


☆ اگر ہمیں آنکھیں نہ ہوتیں تو کیا ہوتا؟

☆ ہاتھوں کی اُنگلیوں کی مدد سے ہم سب سے چھوٹی کون سی چیز اُٹھا سکتے ہیں؟


اسکول کی
پیشگی تیاری


# رنگ

رنگ پہچانو۔




رنگ اور تصویروں کی جوڑیاں لگاؤ۔










# شکلیں

## دائرہ













## مثلث














## مربع















## مستطیل











سرپرستوں کے لیے ہدایت - شکلوں کا تصور پختہ کرنے کے لیے گھر کی مختلف چیزوں کا بھی استعمال کریں تو بچوں کو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

# میرا خاندان




سرپرستوں کے لیے ہدایت - ممکن ہو تو خاندان کے افراد کی تصویریں چسپاں کریں یا ان کے نام لکھیں اور بچوں سے اس بارے میں گفتگو کیجیے۔ جیسے:


☆ دادا اور دادی کسے کہتے ہیں؟
☆ چاچا تمھارے والد کے کون ہیں؟
☆ باجی/ بھائی جان سے تمھارا کیا رشتہ ہے؟

اسکول کی پیشگی تیاری

# موسم کی پہچان



موسمِ گرما



موسمِ برسات



موسمِ سرما

سرپرستوں کے لیے ہدایت - گرما، برسات اور سرما کے موسم کو کس طرح پہچانیں؟
گرما، سرما اور برسات کے موسم میں کون سے کپڑے پہنتے ہیں؟ کون سے پھل کھاتے ہیں؟
کون سے عید تہوار منائے جاتے ہیں؟ اس سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔

# ہفتے کے دن اور سال کے مہینے

## ہفتے کے دن



سرپرستوں کے لیے ہدایت - کس دن اسکول کو چھٹی ہوتی ہے؟ اسی طرح دیگر ایام میں گھر میں کون کون سے کام ہوتے ہیں؟ اس سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔

## سال کے انگریزی مہینے

| | |
|---|---|
| ۱ جنوری | ۷ جولائی |
| ۲ فروری | ۸ اگست |
| ۳ مارچ | ۹ ستمبر |
| ۴ اپریل | ۱۰ اکتوبر |
| ۵ مئی | ۱۱ نومبر |
| ۶ جون | ۱۲ دسمبر |

سرپرستوں کے لیے ہدایت - گھر کے افراد کے یومِ پیدائش کون کون سے مہینوں میں ہیں، اس سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری

# پھل اور سبزی ترکاری کی پہچان


آم


انار


تربوز


امرؤد


کیلا


چیکو

سرپرستوں کے لیے ہدایت - تصویر میں نظر آنے والے پھلوں میں سے کون سے پھل آپ نے کھائے ہیں، کون سے پھل میٹھے ہیں، کون سے کھٹے ہیں؟ اس سے متعلق بچوں سے گفتگو کیجیے۔

سرپرستوں کے لیے ہدایت - تصویر میں نظر آنے والی کون سی سبزی ترکاری تمھیں پسند ہیں اور کون سی پسند نہیں ہیں، کون سی تمھارے علاقے کے بازار میں دستیاب ہیں، اس ضمن میں بچوں سے گفتگو کیجیے۔


پیاز


آلو



ٹماٹر


گاجر


مٹر


بھنڈی

# پرندوں اور جانوروں کی پہچان



مور



کوّا



چڑیا



کبوتر



طوطا



کوئل

سرپرستوں کے لیے ہدایت - آپ نے کون سے پرندے دیکھے ہیں؟ مور کس موسم میں ناچتا ہے؟ طوطے کو کون سا پھل پسند ہے؟ اس ضمن میں بچوں سے بات چیت کیجیے۔


سرپرستوں کے لیے ہدایت - ان میں سے کون سے جانور تمھارے آس پاس نظر آتے ہیں؟ ان میں سے کون سے جانور تم نے جنگل یا چڑیا گھر میں دیکھے ہیں؟ اس ضمن میں گفتگو کیجیے۔



کتّا




بلّی



گائے



بکری



ببر شیر



شیر

اسکول کی پیشگی تیاری

# سواریوں اور پھولوں کی پہچان



سائیکل



موٹرسائیکل



بس



ریل گاڑی



موٹرکار



ہوائی جہاز

سرپرستوں کے لیے ہدایت - ان میں کون سی سواریوں میں تم نے سفر کیا ہے؟ کون سی سواریوں کے لیے ایندھن کی ضرورت نہیں ہے؟ اس ضمن میں بچوں سے بات چیت کیجیے۔

سرپرستوں کے لیے ہدایت - ان میں کون سا پھول پانی میں کھلتا ہے؟ ان میں سے کون سے پھول کی خوشبو تمھیں پسند ہے؟ اس ضمن میں بچوں سے بات چیت کیجیے۔



گلاب



موگرا



گیندا



جاسند



کنول




سورج مُکھی

اسکول کی
پیشگی تیاری

# جوڑیاں لگاؤ

حصہ – ۱



حصہ – ۲



اسکول کی
پیشگی تیاری

# تصویر خوانی (۱)



سرپرستوں کے لیے ہدایت - اس تصویر سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔ اس تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے، پوچھیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری


# تصویر خوانی (۲)



سرپرستوں کے لیے ہدایت - اس تصویر سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔اس تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے، پوچھیے۔

اسکول کی پیشگی تیاری

# تصویر خوانی (۳)



مدرسوں کے لیے ہدایت - اس تصویر سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔ اس تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے، پوچھیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری


# تصویر خوانی (۴)



سرپرستوں کے لیے ہدایت - اس تصویر سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔ اس تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے، پوچھیے۔

اسکول کی پیشگی تیاری

# حرفوں پر ہاتھ پھیرنا



سرپرستوں کے لیے ہدایت - اس میں دیے گئے حروفِ تہجی سے کچھ حرفوں کی لکھائی کی مشق ہوا میں ہاتھ پھیر کر یا مٹی یا ریت میں ہاتھ پھیر کر کروائیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری


# اچھّی عادتیں



روزانہ صبح جلدی اُٹھنا۔



ہر ایک سے خوش دلی سے برتاؤ کرنا۔



روزانہ دانت صاف کرنا۔



ہر وقت صاف ستھرے رہنا۔



روزانہ غسل کرنا۔



روزانہ پڑھائی کرنا۔



کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ صاف دھونا۔



چھینکتے وقت ناک پر رومال رکھنا۔





روزانہ آنگن واڑی/ اسکول جانا۔




روزانہ رات میں وقت پر سونا۔

سرپرستوں کے لیے ہدایت - اپنی زندگی میں اچھی عادتوں کی کیا اہمیت ہے، اس سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے۔ اسی طرح بُری عادتوں کے بارے میں بھی بات چیت کیجیے۔






# میدانی کھیل



















سرپرستوں کے لیے ہدایت - تصویروں میں بتائے گئے مختلف کھیلوں سے متعلق بچوں سے بات چیت کیجیے اور دیگر بچوں کے ساتھ اپنے بچے کو کھیلنے کی ترغیب دیجیے۔




# بڑبڑ گیت

## دعا

اچھّے خدا ، پیارے خدا — مالک ہے تو ہر چیز کا
لکھنا سِکھا پڑھنا سِکھا — سیدھا ہمیں رستہ دِکھا
اچھّا بنا سچّا بنا — سُن لے ہماری یہ دعا
اچھّے خدا پیارے خدا




## تارے




جِھل مِل جِھل مِل ننھّے تارے
ہیروں جیسے پیارے پیارے
چھوُنا چاہیں ، چھوُ نہ پائیں
چھوٹے چھوٹے ہاتھ ہمارے

## گنتی




ایک ، دو ، تین ، چار — اللہ سب کا پالن ہار
چار ، پانچ ، چھے ، سات — وہی بنائے بگڑی بات
سات ، آٹھ ، نو ، دس — سب کا مالک وہی ہے ، بس

## بولیاں







چڑیا چہکے چیں چیں چیں
طوطا بولے ٹیں ٹیں ٹیں
کرے کبوتر غٹرغوں
مرغا کہتا ککڑوں کوں
کوئل گائے کوٗ کوٗ کوٗ
تم بھی بولو اللہ ہوٗ

## طوطا



مِٹھّو مِٹھّو بولے مِٹھّو — ڈالی ڈالی ڈولے مِٹھّو
پَر ہیں اس کے ہرے ہرے — مرچیں کھا کر پیٹ بھرے

## چڑیا



پُھر پُھر اُڑتی آتی ہے — چوں چوں گانا گاتی ہے
گانا گاکر مُنّے کو — چڑیا روز جگاتی ہے

## ککڑوں کوں

ککڑوں کوں ، ککڑوں کوں
ککڑوں کوں چلّائے مرغا
سوٗرج سے بھی پہلے اُٹھ کر
ہم کو روز جگائے مرغا
دانہ کھا کر ، پانی پی کر
جھوُمے ، ناچے ، گائے مرغا



## تربوز



صوٗرت اس کی گول مٹول — رنگ ہے اُس کا ہرا ہرا
اندر کالے موتی ہیں — حلوہ بھی ہے لال بھرا
پہلے کاٹو پھر کھاؤ — بولو اُس کا نام ذرا

## چندا ماما



چندا ماما ! رُک جاؤ — بھاگے بھاگے کہاں چلے
میں بھی پیچھے پیچھے ہوں — آگے آگے کہاں چلے
تم کو گھر لے جاؤں گی — امّی سے مِلواؤں گی


## آنکھ مچولی


پیاری چڑیا دانہ کھا — تھوڑے سے پَر دیتی جا
مَیں بھی اُڑ کر جاؤں گی — چندا کو گھر لاؤں گی
کھیلوں گی پھر اُس کے ساتھ — آنکھ مچولی ساری رات

سرپرستوں کے لیے ہدایت - درج بالا بڑبڑ گیت آپ خود گا کر بچوں کو دِکھائیے۔


# گنو اور لکھو






















# چھوٹا - بڑا



# کم - زیادہ







سرپرستوں کے لیے ہدایت - چھوٹا - بڑا، کم زیادہ - ہلکا - وزنی اس طرح کے مختلف تصور والی چیزیں یا تصویروں کی مدد سے بچوں کو بتائیے۔ (ہلکا - وزنی تصور کے لیے کپاس اور پانی سے سے بھرا ہوا پیالہ وغیرہ چیزوں کا استعمال کیا جاسکتا ہے)

اسکول کی پیشگی تیاری


# درجہ بندی کے کارڈ














سرپرستوں کے لیے ہدایت - کتاب کے آخر میں صفحہ نمبر ۳۵ اور ۳۷ پر کچھ تصویریں دی گئی ہیں۔ انھیں کاٹ کر مذکورہ بالا چوکون میں مناسب مقام پر چسپاں کیجیے یا رکھ کر درجہ بندی کروائیے۔


# ترتیب میں لگانا

اسکول کی پیشگی تیاری

تصویروں کو چڑھتی ترتیب میں لگاؤ۔



تصویروں کو اُترتی ترتیب میں لگاؤ۔



سرپرستوں کے لیے ہدایت - کتاب کے آخری حصے میں صفحہ نمبر ۴۳ پر ترتیب لگاؤ کے عنوان کے تحت تصویریں دی گئی ہیں۔ انھیں کاٹ کر مذکورہ بالا دائروں میں مناسب مقام پر لگانے کے لیے کہیے۔

اسکول کی پیشگی تیاری

# حروفِ تہجّی کا تختہ

ا

ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ

ع غ ف ق ک گ

ل م ن و ہ ء

ی ے

---

بھ پھ تھ ٹھ







جھ چھ دھ ڈھ رھ ڑھ

کھ گھ لھ مھ نھ

سرپرستوں کے لیے ہدایت - مذکورہ بالا حروفِ تہجی کے تختے کو گھر میں نمایاں حصے میں آویزاں کیجیے جس کی وجہ سے بچوں کی نظر اس پر پڑتی رہے گی۔ ممکن ہو تو اس وقت سرپرست بچوں کے ساتھ اس کی بلند خوانی کریں۔


اسکول کی
پیشگی تیاری

# ہندسی اعداد کا تختہ

| | |
|---|---|
|  | ۱ |
|  | ۲ |
|  | ۳ |
|  | ۴ |
|  | ۵ |
|  | ۶ |
|  | ۷ |
|  | ۸ |
|  | ۹ |
|  | ۱۰ |

سرپرستوں کے لیے ہدایت - مذکورہ بالا تختے کو ممکن ہو تو گھر میں نمایاں حصے میں لٹکائیے جہاں بچوں کی نظر بار بار جاتی ہو اور ممکن ہو تو بچوں کے ساتھ اس کی بلند خوانی کیجیے۔


# تخلیقی عمل (۱)








سرپرستوں کے لیے ہدایت - کاغذ کی مدد سے اگلے صفحے پر بتائے گئے عمل کے مطابق بچوں سے پرندہ تیار کروائیے۔



۱
۲
۳
۴
۵
۶
۷
۸

# تخلیقی عمل (۲)






سرپرستوں کے لیے ہدایت - بائیں جانب دِکھائی گئی گیند کے مطابق مذکورہ بالا تصویر میں رنگ بھروائیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری

# تخلیقی عمل (۳)

سرپرستوں کے لیے ہدایت - ماچس کی تیلیوں کو کاغذ پر چسپاں کرکے ناؤ تیار کروائیے۔ کاغذ کے اوپری حصے میں کپاس چسپاں کرکے بادل اور چاول کے دانے چسپاں کرکے بارش ظاہر کرنے کے لیے کہیے۔

# تخلیقی عمل (۴)



سرپرستوں کے لیے ہدایت - بھنڈی، پیاز، انگوٹھے، اُنگلیوں، پتے اور رنگ کا استعمال کر کے مذکورہ بالا تصویر میں بچوں کے ذریعے ملبت کاری کروائیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری

# تخلیقی عمل (۵)





سرپرستوں کے لیے ہدایت - بچوں کو دونوں پنجے رنگین پانی میں ڈبو کر ان کے ذریعے مذکورہ بالا مقام پر منبت کاری کروائیے۔




# مہم گیت

## چلیئے جی اسکول

چلیئے جی اسکول کو چلیئے ، چلیئے جی اسکول
اس دنیا میں جاہل رہنا سب سے بڑی ہے بھول

دنیا کا ہر راز سمجھ میں اسی فضا میں آئے
علم کے موتی انسانوں نے اسی جگہ سے پائے
جو کچھ یہاں سے بن کر نکلے دنیا پر چھا جائے
علم و ادب کے اسی چمن میں کِھلے ہوئے ہیں پھول
چلیئے جی اسکول کو چلیئے ، چلیئے جی اسکول

کوئی علم کو حاصل کرنے سے جب جان چُراتا ہے
وقت کو یوں بے کار گنوا کر روتا ہے، پچھتاتا ہے
کچھ کر جانے کا یہ موقع لوٹ کے پھر کب آتا ہے؟
رہ جاؤ گے جاہل ، باتیں کرو نا اؤل جلؤل
چلیئے جی اسکول کو چلیئے ، چلیئے جی اسکول

جس نے نہ استاد سے سیکھا اسے کہاں کچھ آیا
اِس دنیا کی علم ہے پونجی ، اُس دنیا کا سرمایا
چل کر علم کے رستے پر ہی ہم نے خدا کو پایا
پڑھنا لکھنا ابھی ضروری ، سارے کام فضؤل
چلیئے جی اسکول کو چلیئے ، چلیئے جی اسکول

- ڈاکٹر محمد اسد اللہ



## پنکھ لگا کر سپنوں کو اُڑانے دو

میری آنکھوں کو بھی خواب سہانے دو
تصویروں میں رنگ نئے بھر آنے دو

پنکھ لگا کر سپنوں کو اُڑانے دو
مِل جُل کر اب گیت نئے بھی گانے دو

سُر سے سُر اور تال سے تال ملانے دو
قول سنو ، اچھی سی کہانی سنانے دو

تصویروں سے خاکے حرف ملانے دو
چُھک چُھک چُھک لفظوں کی ریل چلانے دو

کچھ اعداد کا جادو ہے دکھانے دو
گنتی گن گن کر کچھ کھیل جمانے دو

کم ہے کون زیادہ کون بتانے دو
چھوٹے اور بڑے کا فرق دکھانے دو

ان ساری باتوں کو ماں سے کہنے دو
لکھنے دو پڑھنے دو آگے بڑھنے دو

- ڈاکٹر یوسف خان صابر




اسکول کی
پیشگی تیاری

# سرپرستوں کے لیے

اسکول اور دوست، بچے کی دنیا کے لازمی حصے ہیں لیکن کورونا نے ان کی دنیا ہی بدل دی ہے۔ یہاں تک کہ جو چھوٹے بچے ہیں، ان بچوں نے آنگن واڑی یا کنڈرگارٹن کا تجربہ بھی حاصل نہیں کیا ہے۔ ان حالات میں کچھ بچے پہلی جماعت میں داخل ہونے والے ہیں۔ آیئے، ہم سب مل کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان بچوں کو اسکول کا تجربہ حاصل ہو۔ تو چلو ہم سب مل کر بچوں کو اسکول کے لیے تیار کریں!

## ہم کیا کر سکتے ہیں؟

اگر آپ اگلے ایک یا دو ماہ تک اپنے بچوں کے ساتھ روزانہ تھوڑی دیر کے لیے درج ذیل کام کرتے ہیں تو ان کی پہلی جماعت کی تیاری (اسکول کی پیشگی تیاری) کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔



### ☆ بچے کو روزانہ ایک نئی کہانی سنائیں:

انھیں آپ کو دیکھنے اور سننے کی عادت ڈالنی چاہیے، کیونکہ جب وہ اسکول جائیں گے تو انھیں استاد کو دیکھنے اور سننے کی عادت ہو جائے گی، کہانیوں کی سننے اور سمجھنے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا، انھیں نئے نئے الفاظ سننے کو ملیں گے۔ کہانی سننے کے بعد ان سے آسان سوالات پوچھیں۔




### ☆ 'اسکول میں پہلا قدم' اس کتاب کی مدد سے:

- بچے اپنا نام اور پتہ بتانے کے قابل بنیں، اپنے بارے میں بات کرنے کے قابل بنیں۔
- اپنے جسم کے حصوں کے نام اور ان کے افعال بتانے کے قابل بنیں۔
- رنگوں کی شناخت اور نام بتانے کے قابل بنیں۔
- چھوٹا – بڑا، قریب – دور، ہلکا – وزنی، کم – زیادہ سمجھنا۔
- شکلیں جیسے دائرہ، مثلث اور مربع کو پہچاننا۔
- اپنے خاندان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔
- موسموں، سالوں، مہینوں، ہفتوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔
- پھلوں، پھولوں، سبزی ترکاریوں، پرندوں، جانوروں، گاڑیوں کی شناخت کرنا۔
- تصویر کو دیکھ کر بات کرنے کے قابل ہوں۔ تصویر میں کیا ہے اس کے بارے میں بتانے کے قابل بنیں۔
- حروف اور ہندسے (۱۰ تک) کو پہچاننے اور گننے کے قابل بنیں۔
- ایک جیسی اشیا اور ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والی اشیا کی جوڑیاں لگانے کے قابل ہوں۔

**تو آیئے، آپ اور ہم مل کر پہلی بار اسکول آنے والے بچوں کی اسکول کی پیشگی تیاری کریں۔**

اسکول کی
پیشگی تیاری

# ترتیب میں لگانا



سرپرستوں کے لیے ہدایت - مذکورہ بالا تصویری کارڈ کاٹ کر اس کے فلیش کارڈ بنائیے۔ ترتیب میں لگانا، اس تصور کو سکھانے کے لیے ان کا استعمال کیجیے۔

اسکول کی
پیشگی تیاری

# درجہ بندی (موسیقی کے آلات اور کپڑے/لباس)










سرپرستوں کے لیے ہدایت - مذکورہ بالا تصویریں کاٹ کر فلیش کارڈ بنائیے اور درجہ بندی کے تصور کو سمجھانے کے لیے ان کا استعمال کیجیے۔


# درجہ بندی (سبزی ترکاری اور شکلیں)




















سرپرستوں کے لیے ہدایت - مذکورہ بالا تصویریں کاٹ کر فلیش کارڈ بنائیے اور درجہ بندی کے تصور کو سمجھانے کے لیے ان کا استعمال کیجیے۔

# بچوں کے لیے

ورک شیٹ - ۱

## نقطے جوڑنا



# چھتری



تصویر میں رنگ بھرو۔

# بچوں کے لیے

## ورک شیٹ - ۳











تصویریں پہچانو۔

# شکلیں

دائرہ




مربع



کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے مذکورہ بالا شکلوں میں چسپاں کرنا۔




# بچوں کے لیے



## ورک شیٹ - ۵


نقطے والی لکیر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پتّوں کی جوڑیاں لگاؤ۔



# بچوں کے لیے

ورک شیٹ - ٦


تصویریں گن کر ہندسہ لکھو۔




# بچوں کے لیے

ورک شیٹ - ۷

الگ تصویر کو پہچانو۔







# بچوں کے لیے

## ورک شیٹ - ۸




شکلوں کی جوڑیاں لگاؤ۔


















مثال دیکھ کر لکھو۔



تصویر اور حرف کی جوڑی لگاؤ۔



بطخ

م



انناس

ب



مگرمچھ

گ




گھر

ن



نل

ا





# بچوں کے لیے



ورک شیٹ - ۱۱

جسم کے حصّوں اور ان کے نام کی جوڑی لگاؤ۔

| | | |
|---|---|---|
|  | آنکھیں | پیر |
|  | ناک | کان |
|  | زبان | ہاتھ |
|  | دانت | آنکھیں |
|  | کان | ناک |
|  | ہاتھ | دانت |
|  | پیر | زبان |



# بچوں کے لیے


## ورک شیٹ - ۱۲



ہدایت کے مطابق تصویر کے گرد دائرہ بناؤ۔


**سب سے بڑا**









**سب سے چھوٹا**









**الگ چیز**







# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ا اور ۲

**۱**

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

J3Q5P5

میری ماں+معلّمہ



## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ہر خاندان میں ماں باپ بچوں کے پہلے استاد ہوتے ہیں لیکن بچوں کی تعلیم کے لیے اگر ہم محلے میں یکجا ہوجائیں تو ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں۔ اس عمل کے لیے ہمیں ہفتے میں کم از کم ایک مرتبہ ملنا چاہیے۔ ملنے پر بات چیت ہوگی اور محبت و گفتگو کے ذریعے خیالات کا تبادلہ ہوگا۔ آیئے، ویڈیو کے ذریعے سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں؟




## چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

دیکھیے اور سمجھیے۔ سامنے دی ہوئی تصویر کاغذ پر بنائیے اور بچوں کے ساتھ مکمل کیجیے۔

ورک شیٹ ا - نقطوں کو جوڑنا۔

**۲**

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔



## استقبال اور آغاز

- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کر کے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے ہم نے جو سنا، دیکھا اور کام کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ کیا وہ کام ہم نے مکمل کیے؟
- گیت 'کھانے سے پہلے' دیکھتے، سنتے اور ساتھ میں گاتے ہیں۔ بچوں سے مع حرکات وسکنات پیش کروائیں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔


L6I8J8



آؤ، توازن سنبھال کر چلیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ہم جس طرح بہتر طریقے سے چل سکتے اور دوڑ سکتے ہیں اسی طرح بچوں کو بھی چلنا اور دوڑنا آنا چاہیے۔ آپ یہ سرگرمی لیں گے تو بچوں کو جسمانی توازن برقرار رکھنے، چلنے، دوڑنے کی حوصلہ افزائی ہوسکتی ہے۔ آیئے ویڈیو کے ذریعے سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔




## چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

دی گئی سرگرمی دیکھ کر، سن کر سمجھیے۔ بچوں کے ساتھ سرگرمی کیجیے۔

ورک شیٹ ۲ - تصویر میں رنگ بھرو۔

# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ۳ اور ۴

۳

## استقبال اور آغاز

بچوں کا گیت گیت یہاں دیکھیں۔ ھیں۔



- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے ہم نے جو سنا، دیکھا اور کام کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ کیا وہ کام ہم نے مکمل کیے؟
- گیت 'کھانے سے پہلے' دیکھتے، سنتے اور ساتھ میں گاتے ہیں۔ بچوں سے مع حرکات وسکنات پیش کروائیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

B1W1B9




ماحول کا تجربہ اور ارد گرد کی دنیا سننے، دیکھنے اور سمجھنے بولنے سے بچوں کی تجرباتی دنیا آہستہ آہستہ پروان چڑھتی ہے۔ اس عمل میں بطور والدین ہمارا کردار بہت اہم ہے۔ اگر ہر نئی چیز کو جسمانی طور پر اور تصویروں کے ذریعے متعارف کیا جائے تو بچوں کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ آیئے ویڈیو کے ذریعے سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔

## آیئے، مل کر کچھ کریں۔



گھر سے کچھ چیزیں ساتھ لائیں، تمام چیزیں ایک تھیلی میں رکھ دیں۔ تھیلی میں دیکھے بغیر صرف چھو کر شے کی پہچان کرنے کی کوشش کریں۔ ہر سرپرست کو کھیلنے کے لیے کہیں۔

## چلیے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

عمل



سرپرست اور بچے مل کر رڈّی کاغذ/مٹی سے ۵/۷ الگ الگ شکل کے گولے بنائیں۔ بچے ان گولوں کو چھوٹے سے بڑے اور بڑے سے چھوٹے کی ترتیب میں لگائیے۔

دی گئی سرگرمی دیکھ کر، سن کر سمجھیے۔ بچوں کے ساتھ سرگرمی کیجیے۔

ورک شیٹ ۳ - تصویر پہچاننا۔

۴

## استقبال اور آغاز

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔



- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے ہم نے جو سنا، دیکھا اور کام کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ کیا وہ کام ہم نے مکمل کیے؟
- گیت 'ہماری پانچ اُنگلیاں' دیکھتے، سنتے اور ساتھ میں گاتے ہیں۔ بچوں سے مع حرکات وسکنات پیش کروائیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔


ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

N9M8F2




ہر نئی چیز کو ذاتی طور پر اور تصویروں کے ذریعے متعارف کرایا جائے تو بچوں کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ ان کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگلا مرحلہ ایک جیسی اشیا کو جوڑنا، متعلقہ اشیا کو جوڑنا ہے۔ اس ویڈیو کی مدد سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم اس عمل کو اصل چیزوں کے ساتھ اور تصویروں کا استعمال کر کے کیسے کر سکتے ہیں۔

## آیئے، مل کر کچھ کریں۔



زمین پر مثلث اور مربع اُتاریں۔ چلو مل کر اس کے ارد گرد چلتے ہیں۔ ایک شکل کا نام لیں اور اس میں کودیں۔

## چلیے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

نقطے جوڑ کر تصویر کو مکمل کرو۔



دی گئی سرگرمی دیکھ کر، سن کر سمجھیے۔ بچوں کے ساتھ سرگرمی کیجیے۔

ورک شیٹ ۴ - کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے چپکانا

# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ۵ اور ۶

۵

## استقبال اور آغاز




- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کر کے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے کی سرگرمی کرنے کے تجربے بتائیں۔
- بچوں کا گیت 'اُردو حروفِ تہجی' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

F9U5G9



تصویروں کو ترتیب میں لگانا۔

ریاضی کا ہماری زندگی میں اہم مقام ہے۔ اسکول میں عملی طور پر بچے ریاضی کے جو عمل کرتے ہیں وہ روزمرہ زندگی میں پیش آتے ہی رہتے ہیں۔ اگر ہم اس عمر میں بچوں کو اس کے لیے تیار کریں تو بعد کی زندگی میں بچوں کو ریاضی مشکل محسوس نہیں ہوگی۔ آیئے ویڈیو کی مدد سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔

## آیئے، مل کر کچھ کریں۔



آیئے پرانے کاغذ سے آپ کی پسندیدہ اشیا بنائیں۔ بنی ہوئی چیزوں پر اپنے بچوں کے نام لکھیں اور انھیں بطور تحفہ دیں۔ ان والدین کی مدد کریں جنھیں چیزیں بنانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

## چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!



گھ
چ
ک
م

جیسا کہ دکھایا گیا ہے کچھ فلیش کارڈ بنا کر بچوں کو دیں۔ بچوں کو تصویر میں گھر کی چیزیں دکھائیں جیسے موبائل، چمچہ، گھڑی، کرسی وغیرہ کے نام کے پہلے حرف کا تلفظ کرنے کے بعد بچوں کو اس پر حرفِ تہجی کا کارڈ لگانا ہے۔ مثلاً موبائل۔

ورک شیٹ ۵ – نقطے والی لکیر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پتّوں کی جوڑیاں لگاؤ۔

۶

## استقبال اور آغاز

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔




- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کر کے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے ہم نے جو سنا، دیکھا اور کام کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ کیا وہ کام ہم نے مکمل کیے؟
- بچوں کا گیت 'ٹرافک لائٹ' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔


V5L7C4



آیئے، ٹھپے کام کریں۔

اردگرد کی چیزوں کو مختلف انداز میں استعمال کرنے اور کچھ نیا بنانے سے خوشی ملتی ہے اور یہ فن و دستکاری بچوں کی اُنگلیوں کی گرفت، آنکھ اور اُنگلیوں کی ہم آہنگی کو بہتر بناتی ہے۔ اس ویڈیو میں رنگ، کپاس، اسفنج، اُنگلیوں کے استعمال سے بنائے گئے خوب صورت دستی کام کے عمل کو دیکھ سکتے ہیں۔

## آیئے، مل کر کچھ کریں۔



مختلف رنگوں سے پسندیدہ رنگولی بنا کر ایک دوسرے کو دکھائیں۔ ان والدین کی مدد کریں جنھیں رنگولی بنانے میں مشکلات کا سامنا ہو۔ ان کے لیے تالیاں بجائیں جنھوں نے خوبصورت رنگولی بنائی ہے۔

## چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

س ر

رس

کاغذ کو چوکون شکل میں کاٹیں اور حرف کارڈ بنانے کے لیے ان پر مختلف حروف لکھیں۔ کسی ڈبے میں تمام کارڈ جمع کریں۔ دو کارڈ دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ ان دو حرفوں سے کونسا لفظ بن سکتا ہے۔ یہ عمل بار بار کرتے رہیں۔ ضرورت ہو تو بچوں کی مدد کریں۔

ورک شیٹ ۶ – تصویریں گن کر عدد لکھو۔

# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ۷ اور ۸

## ۷



بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔

## استقبال اور آغاز

- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کر کے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے 'فلیش کارڈ کی مدد سے نئے الفاظ بنانے' کی سرگرمی آسان لگی؟ بچوں نے کون کون سے الفاظ بنائے۔
- بچوں کا گیت 'ایک – دو – تین' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔



ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

P4F2G2


الگ الگ مجسمے بنائیں۔

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

عملی کام نقش نگاری سے بچوں کو نئے تیار کردہ عمل سے تخلیقی خوشی ملتی ہے۔ اُنگلیوں کی بہتر گرفت، پٹھوں کی نشوونما، آنکھ اور اُنگلیوں کی ہم آہنگی کے لیے گھر پر روٹی کے آٹے میں تھوڑا رنگ ملا کر استعمال کر سکتے ہیں۔ آیئے ویڈیو کی مدد سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں؟

## آیئے، مل کر کچھ کریں۔

آیئے، حروفِ تہجی کے کارڈز سے ایک کارڈ چنتے ہیں اور ایک منٹ میں اس حرف سے زیادہ سے زیادہ الفاظ لکھتے ہیں۔ سب سے زیادہ الفاظ لکھنے والے والدین کو تالیاں بجا کر مبارکباد دیں۔





## چلیئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!



کپڑے لٹکانے کا ہینگر لے کر دونوں سروں پر دو کپ لٹکائیں جیسا کہ تصویر میں دِکھایا گیا ہے۔ دونوں کپ میں ایک ایک چیز رکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ دونوں میں کون سی چیز وزنی ہے اور کون سی ہلکی۔

ورک شیٹ ۷ – الگ چیز پہچانو۔

## ۸



بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔

## استقبال اور آغاز

- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کر کے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے ہم نے 'بھاری اور ہلکی اشیا کی شناخت' کی سرگرمی کی۔ کیا بچوں کو یہ سرگرمی آسان لگی؟ بچوں نے کون کون سی اشیا کا استعمال کیا؟ کون سی چیزیں سب سے چھوٹی اور کون سی چیزیں سب سے لمبی پائیں۔
- بچوں کا گیت 'One, Two, Buckle My Shoe' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔



ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

S3K9M1

تصویر کے ذریعے رنگوں کی پہچان

## دیکھیں اور گفتگو کریں۔

ہم اپنے اردگرد کئی رنگ دیکھتے ہیں۔ آپ کی زندگی ان رنگوں کے بغیر نامکمل ہے۔ ہم ان رنگوں کو آس پاس کی چیزوں کے ذریعے آسانی سے بچوں میں متعارف کرا سکتے ہیں۔ ویڈیو کے ذریعے سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔


## آیئے، مل کر کچھ کریں۔

| کار | چڑیا | گھر |
|---|---|---|

ایک دن اکرم کے خواب میں ایک چڑیا آئی۔ چڑیا کار چلا رہی تھی۔ اس نے اکرم کو اپنے گھر آنے کی دعوت دی۔

لفظوں کی پرچیاں بنا کر ایک تھیلی میں رکھیں۔ آنکھیں بند کر کے تھیلی سے چار پانچ پرچیاں نکالیں۔ جو لفظ آئے ان سے اچھی سی کہانی بنائیں۔ جن والدین کو کہانی بنانے میں مشکلات کا سامنا ہو ان کی مدد کریں۔

## چلیئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!



تصویر میں دِکھائے گئے کے مطابق کاغذ سے مگرمچھ کے منہ کی شکل بنائیں۔ بچوں کو 'کم – زیادہ' کا تصور سمجھنے میں مدد کرنے کے لیے اس کا استعمال کریں۔ جیسے زیادہ چیزوں کی طرف مگرمچھ کا منہ رکھنا ہے۔ یہ کھیل اشیا کے ساتھ، اشیا اور عددوں نیز صرف عددوں کے ساتھ کھیلیں۔

ورک شیٹ ۸ – شکلوں کی جوڑیاں لگاؤ۔

# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ۹ اور ۱۰

## ۹

### استقبال اور آغاز

- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے 'کم - زیادہ/ اعداد میں موازنہ' کی سرگرمی بچوں نے کیسے کی، اس کا تجربہ بتایئے۔
- بچوں کا گیت 'گھر کے سامنے ٹانگا ٹھہرا' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔



### دیکھیں اور گفتگو کریں۔

گھریلو اشیا استعمال کرکے 'مہمان پہچانو' سرگرمی آسانی سے لی جاسکتی ہے جیسے بچوں کے سامنے ۳ پیاز اور ایک آلو رکھیں اور ان سے پوچھیں کہ کونسی چیز الگ ہے۔ اس میں ہم مختلف گھریلو چیزیں استعمال کرسکتے ہیں۔ آیئے، ویڈیو کی مدد سے سمجھتے ہیں کہ ہم تصویری کارڈ کی مدد سے یہ سرگرمی کیسے کرسکتے ہیں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

P6I4U8





### آیئے، مل کر کچھ کریں۔

آیئے، لفظوں کی زنجیر کا کھیل کھیلیں۔ ایک سرپرست گیم شروع کرنے کیلئے کوئی ایک لفظ کہے گا۔ دیگر والدین اس لفظ کے آخری حرف کو لے کر دوسرا لفظ کہیں۔ جیسے شال ... لڈو... وقار

شال
لڈو
ورق

### چلئے گھر جاکر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

بچوں کو دی گئی تصویر کی طرح گھر میں دستیاب تصاویر دکھائیں اور ان کی مدد سے کہانی سنانے میں ان کی مدد کریں۔ کہانی کو اچھا سا نام دیں۔
کہانی سناتے وقت بچوں کو ویڈیو #shalapurvtayari2022 ہیش ٹیگ کا استعمال کرکے سماجی روابط کے ذرائع میں اپ لوڈ کریں۔



ورک شیٹ ۹ - مثال دیکھ کر لکھو۔

## ۱۰

### استقبال اور آغاز

- آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔
- پچھلے ہفتے کی کہانی سنانے کی سرگرمی بچوں نے کس طرح انجام دی، اس کے تجربے کے بارے میں والدین بتائیں۔
- بچوں کا گیت 'صفائی کریں' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔




### دیکھیں اور گفتگو کریں۔

بچوں کو آسان طریقے سے اور کھیل کے ذریعے گنتی کا عمل سمجھایا جائے تو وہ فوراً سمجھ جاتے ہیں۔ گھریلو کام کرتے ہوئے بھی ہم یہ کرسکتے ہیں۔ جیسے کھانا کھاتے وقت پلیٹ میں موجود روٹیاں گنتے ہوئے ان کی تعداد بڑھائیں، دھوئے ہوئے کپڑے گنیں وغیرہ۔ آیئے ویڈیو کی مدد سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کرسکتے ہیں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

J3S6N8





### آیئے، مل کر کچھ کریں۔

آیئے، ہم نے پچھلے دو دنوں میں کیا کیا کھایا، اس پر بات کریں۔ کیا ہم اس کھانے سے غذائی اجزاء حاصل کررہے ہیں؟ مندرجہ تصویر سے ہمیں اندازہ ہوگا کہ ہم کیا کھانا کھاتے ہیں اور ہمیں کتنی غذائیت ملتی ہے۔




### چلئے گھر جاکر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

اشیا کی لمبائی ناپنے کا طریقہ بتانے کے لیے ہم گھر کی چیزیں (مثلاً میز، ٹی وی، الماری، گلاس وغیرہ) استعمال کرکے ہاتھ سے ناپنے کا طریقہ بتاسکتے ہیں۔ یعنی ایک بالشت۔ اس طرح ہر چیز کتنی بالشت کی ہے، بچوں کو گننے کے لیے کہیں۔ ضرورت پڑنے پر ان کی مدد کریں۔



ورک شیٹ ۱۰ - تصویر اور حرف کی جوڑیاں لگاؤ۔

# سرپرستوں کے لیے آئیڈیا کارڈ نمبر ۱۱ اور ۱۲

## ۱۱

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔


میں ہوں چوکون۔

### استقبال اور آغاز

■ آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔ ■ پچھلے ہفتے سرگرمی انجام دینے کا تجربہ بیان کریں۔ پچھلے ہفتے 'لمبائی ناپنے' کی سرگرمی بچوں نے کیسے کی، اس کا تجربہ بتائیں۔ ■ بچوں کا گیت 'شکلوں کا گیت' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔


J1P4A2


عددوں کی پہچان

### دیکھیں اور گفتگو کریں۔

آئیڈیا کارڈ-۱۰ گھر میں چیزوں کو کیسے ناپیں؟ یہ سرگرمی کرنے کے بعد ویڈیو کی مدد سے عددوں کی شناخت کیسے کرسکتے ہیں، عددی کارڈ اور اشیا کی جوڑی لگا کر دکھائیں۔ جیسے : ۱- ، ۲- ، ۳-

آیئے ویڈیو کی مدد سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم کیا کرسکتے ہیں۔



### آیئے، مل کر کچھ کریں۔

آیئے، ایک مزیدار کھیل کھیلتے ہیں۔ دو سرپرستوں کا ایک گروپ بنا کر کاغذ اور قلم لیں۔ پہلا سرپرست آنکھوں پر پٹی باندھ کر کاغذ پر دائرہ، مثلث اور مربع جیسی شکلیں بنانے کی کوشش کرے اور دوسرا سرپرست شکل کو درست بنانے کیلئے ضروری ہدایت دے۔




### چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

زمین پر ایک لکیر کھینچ کر تصویر کے مطابق ۰ سے ۱۰ تک ہندسے لکھے۔ بچوں کو ایک نمبر پر کھڑے ہونے کو کہیں۔ مثلاً ۰ (صفر) سے دوسرے ہندسے پر جانے کو کہیں۔ جیسے ۰ (صفر) سے ۱ پر کودنے کو کہیں۔ پھر ۲ اور پھر ۳۔ بچوں سے پوچھیں کہ آپ ۳ سے کتنی بار چھلانگ لگا کر ۶ تک پہنچ سکتے ہیں؟ اس کھیل کو مختلف ہندسوں کے ساتھ کھیلیں۔

ورک شیٹ ۱۱ - جسم کے حصّوں اور ان کے ناموں کی جوڑیاں لگاؤ۔

## ۱۲

بچوں کا گیت یہاں دیکھیں۔



### استقبال اور آغاز

■ آیئے، آج کی گفتگو کا آغاز ایک دوسرے کی خیریت معلوم کرکے کرتے ہیں۔
■ پچھلے ہفتے سرگرمی کرتے ہوئے بچوں کو لطف آیا کیا؟ اس پر گفتگو کریں۔
■ بچوں کا گیت 'دم والے جانوروں کا اجلاس' دیکھیں، سنیں اور ساتھ میں گائیں۔

ویڈیو یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

L8X7Y5


پیاسا کوّا

### دیکھیں اور گفتگو کریں۔

کیا آپ نے بچپن میں کہانیاں سنی ہیں؟ کہانی سننے کے بہت سے فائدے ہیں۔ جیسا بچے مختلف تخیلات کرنے لگتے ہیں۔ نئے لفظوں سے آشنا ہوتے ہیں اور مسئلہ حل کرنے، غور کرکے بات کرنے کی مہارت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے لیے کیا آپ بچوں کو روزانہ ایک کہانی سنائیں گے؟ آیئے، ویڈیو کے ذریعے اس بات کو سمجھتے ہیں۔



### آیئے، مل کر کچھ کریں۔

آیئے ہم سب دائرے میں بیٹھتے ہیں۔ گھر سے لائے ہوئے درختوں کے پتے دائرے میں رکھیں۔ ایک ایک پتہ اٹھا کر غور کریں کہ اس پتے میں کون سی شکل نظر آرہی ہے۔ تخیل کا استعمال کرکے کچھ نیا بنانے کی کوشش کریں اور دیگر سرپرستوں کی مدد کریں۔



چار دوست اپنے کھلونوں میں شرط لگاتے ہیں۔

### چلئے گھر جا کر بچوں کے ساتھ کچھ عمل کرتے ہیں!

بچوں کو ان کی پسندیدہ کہانی اشاروں میں بیان کریں۔ بچوں کو کہانی پر مبنی سوالات پوچھیں۔ بچوں کے تصور کی دنیا کو پرواز دیں۔

**خصوصی نوٹ :** پچھلے کچھ ہفتوں سے ہم بچوں کو اسکول کے لیے تیار کر رہے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تعطیلات میں بھی یہ جاری رہے۔ جون میں اسکول شروع ہونے تک ہم اس طرح ملتے رہیں اور بچوں کو ہنسی خوشی اسکول کے لیے تیار کریں۔

ورک شیٹ ۱۲ - ہدایت کے مطابق تصویر کے گرد دائرہ بناؤ۔